منتخب کتب سے فضائل علم دین ، نماز ، روزہ ، زکوۃ ، حج کے متعلق احادیث کا مجموعہ بنام

مؤلف طلحہ حسن قادری

منتخب کتب سے فضائل علم دین، نماز، روزہ، زکوۃ، حج کے متعلق احادیث

کا مجموعہ بنام

اربعین راشدیہ

بفیضان نظر: امام العارفین سید محمد راشد روضی دہنی رضی اللہ عنہ

مؤلف طلحہ حسن قادری

انتساب

امام العارفین، پیر کامل سید محمد راشد روضی دھنی رضی اللہ عنہ کے نام

اربعین کا نام "اربعین راشدیہ" رکھنے کی وجہ

میں نے اس اربعین کو سید محمد راشد روضی دھنی رضی اللہ عنہ
سے منسوب کیا اس لیے اس اربعین کا نام "**اربعین راشدیہ**" رکھا۔ اس میں منتخب
کتب سے فضائل علم دین، نماز، روزہ، زکوۃ، حج کے متعلق احادیث جمع کی گئی ہیں۔

سید محمد راشد روضی دھنی رضی اللہ عنہ اکثر یہ شعر پڑھتے:

اندر مين آهن ڳڙڻ جهڙيون ڳالهيون
پرين ته نه پڇهن ۽ اڻ پڇيون آئون نه ٻڌايان

فہرست

.... 4
اربعین راشدیہ... 4
فضائل علم دین.. 4
حدیث:1... 4
حدیث:2... 4
حدیث:3 4
حدیث:4... 5
حدیث:5... 5
حدیث:6... 5
فضائل نماز 5
حدیث:7... 5
حدیث:8... 6
حدیث:9... 6
حدیث:10... 6
حدیث:11... 7
حدیث:12... 7
حدیث:13... 8
حدیث:14... 8
حدیث:15... 8

فضائل روزہ..9
حدیث:16..9
حدیث:17..9
حدیث:18..9
حدیث:19..10
حدیث:20..10
حدیث:21..11
حدیث:22..11
حدیث:23..11
حدیث:24..12
فضائل زکوٰۃ..12
حدیث:25..12
حدیث:26..12
حدیث:27..13
حدیث:28..13
حدیث:30..14
حدیث:31..14
حدیث:32..14
حدیث:33..15
فضائل حج..15

حدیث:34...15
حدیث:35...16
حدیث:36...16
حدیث:37...16
حدیث:38...17
حدیث:39...17
حدیث:40...17
مراجع...18

الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اربعین راشدیہ

فضائل علم دین

علم د ۲،۰، کے 6 حروف کی نسبت سے 6 احادیث مبارکہ

حدیث:1

علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔(شعب الایمان جلد 2 صفحہ 254 دار الکتب العلمیہ)

حدیث:2

افضل صدقہ یہ ہے کہ مسلمان شخص علم سیکھے پھر وہ اسے مسلمان بھائی کو سکھائے۔ (الجامع الصغیر ص:80 از علامہ سیوطی قدس سرہ دار الکتب العلمیہ)

حدیث:3

جو شخص علم حاصل کرے اللہ پاک اسکے رزق کا ذمہ دار ہے۔(کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق جلد 1 صفحہ:154 المطبعہ العاشرہ العثمانیہ)

حدیث:4

عالم کے پاس ایک گھڑی بھر بیٹھنا اللہ پاک کو ہزار سال کی عبادت سے زیادہ محبوب ہے۔(درۃ الناصحین صفحہ:16 دار احیاء الکتب)

حدیث:5

جس نے عالم کی عزت کی اس نے اپنے رب عزوجل کی عزت کی۔

(کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق جلد2 صفحہ:160 المطبعہ العاشرہ العثمانیہ)

حدیث:6

عالم زمین میں اللہ پاک کی حجت (دلیل) ہے تو جو اسکی توھین کرے وہ یقیناً ہلاک ہو گا۔(کنز العمال جلد10 صفحہ:134 مؤسسۃ الرسالۃ)

فضائل نماز

فضائل نماز کے 9 حروف کی نسبت سے 9 احادیث مبارکہ

حدیث: 7

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ”پانچ نمازیں اور جمعہ سے جمعہ تک اور رمضان سے رمضان تک ان

تمام گناہوں کو مٹادیتے ہیں، جو ان کے درمیان ہوں جب کہ کبائر سے بچا جائے۔" (صحیح مسلم"، کتاب الطہارۃ، باب الصلاۃ الخمس، الحدیث:550 صفحہ:118 دار الکتاب العربی)

حدیث:8

ہر شے کے لیے ایک علامت ہوتی ہے، ایمان کی علامت نماز ہے۔ (منیۃ المصلي"، ثبوت فرضیۃ الصلاۃ بالسنۃ، ص:28ء27 دار القاع دمشق)

حدیث:9

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ ایک صاحب نے عرض کی، یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)! اسلام میں سب سے زیادہ للہ کے نزدیک محبوب کیا چیز ہے؟ فرمایا: "وقت میں نماز پڑھنا اور جس نے نماز چھوڑی اس کا کوئی دین نہیں۔ نماز دین کا ستون ہے۔" (شعب الإیمان"، باب فی الصلوٰت، الحدیث 2807 : ، ج3، ص39 دار الکتب العلمیہ)

حدیث:10

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، کہ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: "جو شخص اپنے گھر میں طہارت (وضو وغسل)

کر کے فرض ادا کرنے کے لیے مسجد کو جاتا ہے، تو ایک قدم پر ایک گناہ مٹتا، دوسرے پر ایک درجہ بلند ہوتا ہے۔" ("صحیح مسلم"، کتاب المساجد۔۔۔إلخ، باب المشي إلی الصلاۃ، الحدیث 1521 : ، ص263 دار الکتب العربی)

حدیث:11

حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: "جو تنہائی میں دو رکعت نماز پڑھے کہ اللہ (عزوجل) اور فرشتوں کے سوا کوئی نہ دیکھے، اس کے لیے جہنم سے براءت لکھ دی جاتی ہے (کنز العمال، کتاب الصلاۃ، الحدیث 19019 : ، ج7، ص308 مؤسسۃ الرسالۃ)

حدیث:12

حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: "جو دو رکعت نماز پڑھے اور ان میں سہو نہ کرے، تو جو کچھ پیشتر اس کے گناہ ہوئے ہیں، اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے "یعنی صغائر۔ (المسند " لِلإمام أحمد بن حنبل، مسند الأنصار، حدیث زید بن خالد الجهني، الحدیث 21749 : ، ج8، ص162 دار الفکر۔)

حدیث: 13

حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے نزدیک بندہ کی یہ حالت سب سے زیادہ پسند ہے کہ اسے سجدہ کرتا دیکھے کہ اپنا مونھ خاک پر رگڑ رہا ہے۔ (المعجم الأوسط '' للطبراني، باب المیم، الحدیث 6075 : ، ج6، ص158 دار الحرمین)

حدیث:14

حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: ''جو اللہ کے لیے ایک سجدہ کرتا ہے، اس کے لیے ایک نیکی لکھتا ہے اور ایک گناہ معاف کرتا ہے اور ایک درجہ بلند کرتا ہے۔'' (المسند '' لِلإمام أحمد بن حنبل، مسند الأنصار، حدیث أبي ذر الغفاري، الحدیث 21508 : ، ج8، ص104 دار الفکر)

حدیث:15

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: ''جنت کی کنجی نماز ہے اور نماز کی کنجی طہارت۔'' (المسند لِلإمام أحمد بن حنبل، مسند جابر بن عبد اللہ، الحدیث 14668 : ، ج5، ص 103 دار الفکر)

فضائل روزہ

فضائلِ روزہ کے 9 حروف کی نسبت سے 9 احادیث مبارکہ

حدیث:16

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راویت ہے کہ۔ رمضان آیا تو حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا" : یہ مہینہ آیا، اس میں ایک رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے، جو اس سے محروم رہا، وہ ہر چیز سے محروم رہا اور اس کی خیر سے وہی محروم ہو گا، جو پورا محروم ہے۔ "(سنن ابن ماجہ، أبواب ماجاءفي الصیام، باب ماجاءفي فضل شھر رمضان، الحدیث 1644 : ،ج2، ص298 دار المعرفہ)

حدیث:17

حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا:" اگر بندوں کو معلوم ہوتا کہ رمضان کیا چیز ہے تو میری اُمّت تمنا کرتی کہ پورا سال رمضان ہی ہو۔ "(صحیح ابن خزیمۃ" ، کتاب الصیام، باب ذکر تزیین الجنۃ لشھر رمضان۔۔۔ اِلخ، الحدیث : 1974، ج2، ص474 دار التاصیل)

حدیث:18

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:" رمضان کی آخر

شب میں اِس اُمّت کی مغفرت ہوتی ہے۔ عرض کی گئی، کیا وہ شبِ قدر ہے؟ فرمایا: نہیں، لیکن کام کرنے والے کو اس وقت مزدوری پوری دی جاتی ہے، جب کام پورا کرلے۔ ‘‘ (المسند للإمام أحمد بن حنبل، مسند أبي ہریرۃ، الحدیث 7922 : ، ج3 ، ص144 / 145 دار الفکر)

حدیث:19

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ’’جنت میں آٹھ دروازے ہیں، ان میں ایک دروازہ کا نام ریّان ہے، اس دروازہ سے وہی جائیں گے جو روزے رکھتے ہیں۔ ‘‘ (صحیح البخاري، کتاب بدء الخلق، باب صفۃ أبواب الجنۃ، الحدیث 3257 : ، ص804 دار ابن کثیر)

حدیث:20

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’جو ایمان کی وجہ سے اور ثواب کے لیے رمضان کا روزہ رکھے گا، اس کے اگلے گناہ بخش دیے جائیں گے" (صحیح البخاري ‘‘ ، کتاب صلاۃ التراویح، باب فضل من قام رمضان، الحدیث 2009 : ، ص482 دار ابن کثیر)

حدیث:21

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:"جس نے اللہ عزوجل کی رضا کے لیے ایک دن کا روزہ رکھا، اللہ تعالیٰ اس کو جہنم سے اتنا دور کر دے گا جیسے کوّا کہ جب بچہ تھا، اس وقت سے اُڑتا رہا یہاں تک کہ بوڑھا ہو کر مرا۔"(المسند لِلإمام أحمد بن حنبل، مسند أبي ہریرۃ، الحدیث10810 : ،ج3، ص619 دار الفکر)

حدیث:22

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:"اگر کسی نے ایک دن نفل روزہ رکھا اور زمین بھر اُسے سونا دیا جائے، جب بھی اس کا ثواب پورا نہ ہو گا۔ اس کا ثواب تو قیامت ہی کے دن ملے گا۔"(مسند أبي یعلی، مسند أبي ہریرۃ، الحدیث6130 : ،ج10، ص512 دار المامون للتراث)

حدیث:23

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:"ہر شے کے لیے زکاۃ ہے اور بدن کی زکاۃ روزہ ہے اور روزہ نصف صبر ہے۔"(سنن ابن ماجہ، أبواب ماجاء في الصیام، باب في الصوم زکاۃ الجسد، الحدیث1745 : ،ج2، ص346/347 دار المعرفہ)

حدیث:24

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: روزہ دار کی دُعا، افطار کے وقت رد نہیں کی جاتی۔ (شعب الإیمان، باب في الصیام، فصل فیما یفطر الصائم علیہ، الحدیث 3904 : ،ج 3، ص 407 دار الکتب العلمیہ)

فضائل زکوٰۃ

فضائل زکوۃ کے 9 حروف کی نسبت سے 9 احادیث مبارکہ

حدیث:25

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) فرماتے ہیں: ''جو میرے لیے چھ چیزوں کی کفالت کرے، میں اُس کے لیے جنت کا ضامن ہوں۔'' میں نے عرض کی، وہ کیا ہیں یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) فرمایا: ''نماز وزکاۃ وامانت وشرمگاہ وشکم و زبان۔'' (المعجم الأوسط، باب الفاء، الحدیث 4925 : ،ج 5، ص 154 دار الحرمین)

حدیث:26

نبی پاک علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ''جو اللہ اور اس کے رسول پر

ایمان رکھتا ہو اسے لازم ہے کہ اپنے مال کی زکوۃ ادا کرے۔" (المعجم الکبیر، الحدیث 13561، ج12، ص424 مکتبہ ابن تیمیہ)

حدیث:27

نبی پاک علیہ السلام نے ارشاد فرمایا نے فرمایا:"اپنے مال کی زکوٰۃ نکال کہ وہ پاک کرنے والی ہے، تجھے پاک کر دے گی۔" (المسند للامام احمد بن حنبل، مسند انس بن مالک، الحدیث 12397، ج4، ص274 دار الفکر)

حدیث:28

نبی پاک علیہ السلام کا فرمانِ عظمت نشان ہے:"صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا۔" (المعجم الاوسط، الحدیث ۲۲۷۰، ج2، ص374 دار الحرمین)

حدیث:29

نبی پاک علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:"جس نے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کر دی بے شک اللہ تعالیٰ نے اس سے شر کو دور کر دیا۔" (المعجم الاوسط، باب الالف من اسمہ احمد، الحدیث، 1579، ج2، ص161 دار الحرمین)

حدیث:30

حضورِ پاک صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ”اپنے مالوں کو زکوۃ دے کر محفوظ کرلو اور اپنے بیماروں کا علاج خیرات سے کرو۔“ (مراسیل ابی داؤد مع سن ابی داؤد، باب فی الصائم یصیب اھلہ، حدیث:4، ص110 دار القلم)

حدیث:31

حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: ”زکاۃ اسلام کا پُل ہے۔“ (المعجم الأوسط“ ،باب المیم، الحدیث 8937 : ،ج8، ص380 دار الحرمین)

حدیث:32

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں: میں ایک سفر میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ تھا، ایک روز چلتے چلتے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہو گیا اور عرض کیا: یارسول اللہ ! مجھے ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت میں داخل کر دے اور جہنم سے دور کر دے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو نے مجھ سے بہت بڑی بات کا سوال کیا، البتہ جس کے لئے اللہ تعالیٰ آسان فرمادے اس کے لئے

آسان ہے، اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو، رمضان کے روزے رکھو اور بیت اللہ شریف کا حج کرو۔ پھر فرمایا: کیا میں تمہیں نیکی کے دروازے نہ بتلاؤں؟ روزہ ڈھال ہے، صدقہ گناہوں کو بجھا (مٹا) دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھاتا ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی حدیث:266، جلد 20، صفحہ 131 مکتبہ ابن تیمیہ)

حدیث:33

بزار نے علقمہ سے روایت کی، کہ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا: "تمھارے اسلام کا پورا ہونا یہ ہے کہ اپنے اموال کی زکاۃ ادا کرو۔"

(مجمع الزوائد، کتاب الزکاۃ، باب فرض الزکاۃ، الحدیث 4376 : ،ج 7، ص 9 دار المنہاج)

فضائل حج

فضائل حج کے 7 حروف کی نسبت سے 7 احادیث مبارکہ

حدیث:34

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں " : جس نے حج کیا اور

رفث (فحش کلام) نہ کیا اور فسق نہ کیا تو گناہوں سے پاک ہو کر ایسا لوٹا جیسے اُس دن کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔" ("صحیح البخاري"، کتاب الحج، باب فضل الحج المبرور، الحدیث:1521، ص370 دار ابن کثیر)

حدیث:35

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں": حج ان گناہوں کو دفع کر دیتا ہے جو پہلے ہوئے ہیں۔" (صحیح البخاري، کتاب العمرۃ، باب وجوب العمرۃ وفضلھا، الحدیث:1773، ص427 دار ابن کثیر)

حدیث:36

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں": حج و عمرہ محتاجی اور گناہوں کو ایسے دور کرتے ہیں، جیسے بھٹّی لوہے اور چاندی اور سونے کے میل کو دور کرتی ہے اور حج مبرور کا ثواب جنت ہی ہے۔" (جامع الترمذي، أبواب الحج، باب ماجاء في ثواب الحج والعمرۃ، الحدیث:810، ج2، ص218 دار الفکر)

حدیث:37

حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا:" حاجی کی مغفرت ہو جاتی

ہے اور حاجی جس کے لیے استغفار کرے اُس کے لیے بھی۔" ("مجمع الزوائد"، باب دعاء الحجاج والعمار، الحدیث:5349، ج8، ص32 دار المنھاج)

حدیث:38

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:"جس کا حج کا ارادہ ہو تو جلدی کرے۔" (سنن أبي داود کتاب المناسک، باب ۵، الحدیث:1732، ج2، ص197/198 دار احیاء التراث العربی)

حدیث:39

ایک شخص نے عرض کی کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) حج کا کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا:"بلند آواز سے لبیک کہنا اور قربانی کرنا۔" ("شرح السنۃ" للبغوي، کتاب الحج، باب وجوب الحج۔۔۔ إلخ، الحدیث:1847، ج7، ص14 المکتب الاسلامی)

حدیث:40

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:"یہ گھر اسلام کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے، پھر جس نے حج کیا یا عمرہ وہ اللہ (عزوجل) کے ضمان میں ہے اگر مر جائے گا تو اللہ تعالیٰ اُسے جنت میں داخل فرمائے گا اور گھر کو واپس کر دے تو اجر و

غنیمت کے ساتھ واپس کرے گا۔" ("المعجم الأوسط"، باب المیم، الحدیث:9033،ج9،ص28دار الحرمین)

مراجع

صحیح بخاری	صحیح مسلم
سنن ابی داوٗد	سنن ابی ماجہ
جامع ترمزی	مسند امام احمد بن حنبل
مسند ابی یعلی	صحیح ابن خزیمہ
المعجم الکبیر	المعجم الاوسط
مجمع الزوائد	شعب الایمان
کنوز الحقائق	الجامع الصغیر
شرح السنہ	منیۃ المصلی
درۃ الناصحین	